بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ایبٹ آباد

9th اور 10th کے ریگولر امیدواروں کے داخلہ فارم آن لائن (ONLINE) پُر کرنے اور جمع کرانے کے متعلق ضروری ہدایات

1. آن لائن داخلہ فارم بورڈ کی ویب سائٹ پر میسر ہے۔ اس کو مطلوبہ طریقے سے پُر کر کے تصدیق شدہ ہارڈ کاپی اور دو عدد تصاویر اور مجوزہ داخلہ فیس کی اصل بنک رسید کے ساتھ بورڈ کی متعلقہ سیکشن (کمرہ نمبر - 3) میں جمع کروائیں۔
2. داخلہ فارم (HARD COPY) اور مختص شدہ فیس مقررہ تاریخ کے اندر اندر بورڈ ہذا میں جمع کروانا لازمی ہے۔ بصورت دیگر (لیٹ فیس، ڈبل فیس، ٹرپل فیس) مقررہ تاریخ سے لیٹ ہونے کی صورت میں چارج کی جائیگی۔
3. داخلہ فارم پر پر عارضی پتہ، معرفتی یا سکول کا پتہ کسی صورت قابلِ قبول نہیں ہوگا۔ مستقل پتہ (Permanent Address) تحریر کرنا لازمی ہے۔
4. سٹیپلر یا پیپر پِن (stapler/paper pin) سے لگی ہوئی تصاویر والا داخلہ فارم قابلِ قبول نہیں ہوگا۔
5. **لوکل مائیگریشن** :سکول سے سکول مائیگریشن کی صورت میں متعلقہ امیدوار کے داخلہ فارم کے ساتھ اصل مائیگریشن سرٹیفیکیٹ منسلک کرنا ضروری ہے۔ نیز لوکل مائیگریشن اور دوسرے بورڈز کے مائیگریشن والے داخلہ فارم الگ سے سیکشن میں جمع کروائیں۔
6. دوسرے بورڈ سے آنے والے امیدواروں کی امتحان سے قبل ایبٹ آباد بورڈ سے رجسٹریشن کروانا ضروری ہے مزید یہ کہ وہ متعلقہ بورڈ سے ڈی ایم سی کی کاپی (Verify) کروا کر داخلہ فارم کے ساتھ منسلک کریں۔ نیز ایسے امیدوار جنھوں نے اپنے سابقہ بورڈ سے نہم کلاس کے پریکٹیکل اور جن مضامین کا امتحان نہیں دیا وہ طلباء ایبٹ آباد بورڈ میں رائج سکیم آف سٹڈیز (SCHEME OF STUDIES) کے مطابق پریکٹیکل اور مطلوبہ مضامین کا امتحان دینے کے پابند ہونگے۔
7. نہم و دہم جماعت کے داخلہ فارموں کے ساتھ آخری امتحان کی ڈی ایم سی کی تصدیق شدہ کاپی فارم پر گوند کے ساتھ چسپاں کریں نیز اصل ڈی ایم سی طالب علم کی ملکیت ہے۔ ڈی ایم سی کی کاپی کا سائز داخلہ فارم سے زیادہ ہرگز نہ ہو۔
8. نہم و دہم جماعت لڑکوں اور لڑکیوں کے لئے الگ الگ فہرستوں کے ساتھ داخلہ فارم اور داخلہ فیس بھیجی جائے۔ لڑکوں اور لڑکیوں کی اکٹھی داخلہ فیس وصول نہیں کی جائیگی۔
9. امتحانی سنٹر مستقل پتہ اور انتظامی امور کی بنیاد پر الاٹ کیا جاتا ہے۔ جماعت دہم کا امتحانی سنٹر بھی امیدوار کو 9th کے امتحانی سنٹر کی بنیاد پر اُسی جگہ دیا جائے گا۔ امتحانی سنٹر بغیر کسی ثبوت کے ہرگز تبدیل نہیں ہوگا۔
10. قبل ازیں SLOs Based Question Papers کا نوٹیفیکیشن جاری کیا گیا تھا اس کو 2018 کے امتحانات کے لیئے **منسوخ** (Cancelled) تصور کیا جائے۔ یعنی اس سال پرچہ جات پرانے PATTERN کے مطابق ہی ہونگے۔
11. **ریگولر داخلہ فارم** Hard Copy (9th & 10th) اس ترتیب سے **بھیجیں۔**
    i. سب سے پہلے سائنس مضامین والے طلبہ رجسٹریشن کی ترتیب سے
    ii. کمپیوٹر سائنس مضامین والے طلبہ رجسٹریشن کی ترتیب سے
    iii. آرٹس مضامین والے طلبہ رجسٹریشن کی ترتیب سے
    iv. کمپارٹ والے مضامین اپنے گروپ کے آخر میں اس ترتیب سے بھیجیں۔ (سائنس، کمپیوٹر سائنس، آرٹس)

نوٹ **مزید معلومات کے لئے فون نمبر** 0992-390571 **(ضلع ایبٹ آباد اور ہری پور)**
0992-390570 **(ضلع مانسہرہ، بٹگرام، کوہستان اور تورغر)**

Facebook official page : BISE Abbottabad
Frequently Asked Questions Group : BISE,Abbottabad (F.A.Q's)

کنٹرولر (امتحانات)
بی۔آئی۔ایس۔ای ایبٹ آباد

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ایبٹ آباد

ہدایات برائے آن لائن داخلہ میٹرک امتحان سالانہ 2018

جدید دور کے تقاضوں اور IT میں ترقی کو مدنظر رکھتے ہوئے محکمہ ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن (E & SE KPK) پشاور نے ایک فیصلہ کیا ہے کہ صوبے کے تمام تعلیمی بورڈز، تعلیمی اداروں اور بچوں کو بورڈ سے متعلقہ IT کی سہولیات سے مستفید کیا جائے۔ اس حکم نامے کی روشنی میں بورڈ نے فیصلہ کیا ہے کہ میٹرک سالانہ امتحان 2018 کے ریگولر طلباء وطالبات کے داخلہ فارمز کو آن لائن جمع کیئے جائیں گے۔ اس سلسلے میں سرکاری نوٹیفکیشن جاری ہو چکا ہے۔ آپ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ بچے سے فیس کی وصولی، فوٹو، گھر کا مستقل وموجودہ پتہ بمعہ فون نمبرز وصول پائیں۔ داخلہ فیس کی ادائیگی پرانے طریقے سے بینک کے ذریعے جمع کروا کر اصل رسید اپنے پاس سنبھال کر رکھیں۔

بورڈ کا IT سٹاف آپ کی وقتاً فوقتاً فون کے ذریعے آپ کی رہنمائی فرمائے گا۔ جیسا کہ گذشتہ سال نہم اور گیارہویں جماعت کے آن لائن Online انرولمنٹ فارم میں بچوں کے انرولمنٹ Data کا اندراج کیا تھا بالکل اُسی طرح کا داخلہ فارم (Online Admission Form) آن لائن دستیاب ہوگا۔

اس سے قبل روایتی ڈاک کے ذریعے آپ لوگوں کو ہر قسم کی اطلاع، Notification ارسال کیے جاتے تھے مگر اب وقت کی ضرورت اور IT سے مستفید ہونے کے لئے آپ لوگوں کو بورڈ کی ویب سائٹ، فیس بک پیج اور فیس بک گروپ سے مستقبل کی خط وکتابت اور بروقت اطلاعات کی رسائی کے لئے منسلک ہونا پڑے گا۔

1. Board's Official Website (**www.biseatd.edu.pk**) بورڈ کے تمام ضروری نوٹیفکیشن، ہر قسم کے فارم Download کرنے کے لیئے سرکاری ویب سائیٹ کا وزٹ Visit کریں۔
2. Face Book Page: **BISE Abbottabad** پر بورڈ کے ہر قسم کے نوٹیفکیشن اور پریس ریلیز کے بارے میں بروقت اور تصدیق شدہ آگاہی حاصل کر سکتے ہیں۔
3. Face Book Group: **BISE Abbottabad (F.A.Q's)** پر بورڈ کے کسی بھی Rule یا کسی مسئلے کے بارے میں آپ کے ذہن میں کوئی سوال ہے تو آپ اِس گروپ میں پوسٹ کریں۔ Comments میں آپ کو جواب ضرور دیا جائے گا۔

نوٹ : اِن Sites کے علاوہ بورڈ کا کوئی اکاؤنٹ نہیں ہے۔

آن لائن کی معلومات کے لئے اِن فون نمبروں پر رابطہ کریں۔ 0992-390153,0314-5000363

کنٹرولر امتحانات

بی۔ آئی۔ ایس۔ ای۔ ایبٹ آباد